سوال

(336) عیسائیوں کے ہاں کھانا پینا اور چند دیگر سوالات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(۱) بسا اوقات مجھے میرا کوئی عیسائی ہم جماعت اپنے گھر آنے اور کھانا کھانے کی دعوت دیتا ہے تو کیا اس کے گھر سے کھانا کھالینا جائز ہے جب کہ یہ یقین ہو جائے کہ جو کھانا تیار کیا گیا ہے وہ شرعی طور پر حلال ہے۔

(۲) کیا میں انہیں توحید الٰہی کے اثبات پر مشتمل کتابیں پیش کرسکتا ہوں۔ جب کہ قرآن مجید کی آیات عربی عبارت میں موجود ہوں اور ان کا ترجمہ انگریزی زبان میں کیا ہو؟

(۳) کبھی کبھار ان میں سے کسی کے گھر ہوتا ہوں اور نماز کا وقت ہو جاتا ہے' تو میں اپنا مصلیٰ لے کر ان کے سامنے وہیں نماز پڑھ لیتا ہوں تو کیا کے گھر میں پڑھی ہوئی نماز ہو جاتی ہے؟

(۴) عیسائیوں نے مجھے اپنے ساتھ گرجا گر جانے کی دعوت دی۔ میں نے کہا ''میں پوچھے بغیر نہیں جاؤں گا۔'' تو کیا میرے لیے ان کے ساتھ جانا جائز ہے تاکہ میں انہیں اسلام کی رواداری کا قائل کرسکوں اور واضح کرسکوں کہ یہ معاشرے کے حقوق کا خیال رکھنے والا دین ہے اور تاکہ انہیں اسلام کی دعوت کی گنجائش پیدا ہوسکے؟ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ ان کا مذہب عیسائی ہے اور وہ پروٹسٹنٹ فرقہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے کہنے کے مطابق ان کی نماز میں رکوع اور سجدہ نہیں ہوتا۔ واضح رہے کہ میرا عیسائی مذہب قبول کرنا محال ہے۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(۱) جی ہاں! آپ کا ہم جماعت نصرانی دوست جو کھانا پیش کرے' وہ کھالینا درست ہے' خواہ اس کے گھر میں ہو یا کہیں اور' جب کہ آپ کو یقینی طور پر علم ہو کہ یہ فی نفسہ حرام نہیں' یا جب اس کی کیفیت نامعلوم ہو۔ کیونکہ اس میں اصل جواز ہے حتیٰ کہ منع کی کوئی دلیل مل جائے اور محض اس کا عیسائی ہونا اس سے منع نہیں کرتا' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اہل کتاب کا کھانا کھانے کی اجازت دی ہے۔

(۲) جی ہاں! آپ انہیں ایسی کتابیں پیش کرسکتے ہیں جن میں توحید وغیرہ کے اثبات کے لیے قرآن مجید کی آیات بھی درج ہوں' خواہ وہ عربی زبان میں اصل آیات ہوں یا ان کا مفہوم دوسری زبانوں میں نقل کیا گیا ہو۔ بلکہ آپ کا یہ کام قابل قدر ہے' کیونکہ انہیں پیش کرنا' یا عاریتاً پڑھنے کے لیے دینا بھی دعوت اور تبلیغ کی ایک صورت ہے اور جب یہ کام خلوص نیت سے کیا جائے تو ضرور ثواب ملے گا۔

(۳) جی ہاں! آپ کی نماز صحیح ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی اطاعت کا مزید شوق بخشے اور خصوصاً پنجگانہ کو بروقت ادا کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ لیکن ضروری ہے کہ آپ فرض

نمازیں باجماعت ادا کرنے کی کوشش کریں اور جہاں تک ممکن ہو فرض نمازیں مسجد میں ادا کریں۔

(۴) اگر آپ محض رواداری کے اظہار کیلیئے کلیسا میں جاتے ہیں تو یہ جائز نہیں اور گر اس لیئے جاتے ہیں کہ انہیں اسلام کی طرف بلانے کا راستہ پیدا ہوسکے اور تبلیغ کا دائرہ وسیع ہوسکے اور آپ ان کی عبادت میں شریک نہ ہوتے ہو اوران عقائد یا رسم ورواج سے متاثر ہونے کا خدشہ نہ ہو' تو جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ